تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

11 نومبر، 2019ء

# پریس ریلیز

لاہور(پ ر) بابری مسجد کے حوالے سے بھارتی سپریم کورٹ کا فیصلہ مذہبی تعصب کا اظہار ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے یہ ثابت ہوگیا ہے کہ بھارت مکمل طور پر ہندوتوا کا ملک بن چکا ہے۔ جس کا ہرادارہ RSS کی زبان بول رہا ہے اور اسی کا کردار ادا کر رہا ہے اور بھارتی سپریم کورٹ بھی اس دائرے سے باہر نہیں نکل سکا۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کے مذہبی مقامات کے ساتھ اس طرح کا سلوک اگر کسی مسلم ملک میں ہوا ہوتا تو اس وقت اقوام متحدہ، یورپی یونین اور امریکہ سمیت دنیا کی تمام طاقتیں اس ملک کے خلاف متحرک ہو چکی ہوتیں۔ لیکن چونکہ یہ ناانصافی مسلمانوں کے ساتھ ایک غیر مسلم ملک میں ہو رہی ہے لہٰذا ساری دنیا خاموش ہے۔ انہوں نے او آئی سی سے اس معاملے پر نوٹس لینے کے پاکستان کے مطالبے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ مسلم ممالک کو چاہیے کہ وہ اب ایسے معاملات میں غیر مسلم قوتوں کی طرف دیکھنے کی بجائے ان کے حل کے لیے مسلم ممالک کی تنظیم کو متحرک کریں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک بھی یورپی یونین کی طرح اپنے ہاں بیرونی تجارت کو اقلیتوں کے حقوق سے جوڑ دیں تو کسی غیر مسلم ملک کو اپنے ہاں مسلم اقلیت کے ساتھ اس طرح کا ناروا سلوک کرنے کی جرأت نہ ہو۔ لہٰذا کرنے کا اصل کام یہ ہے کہ مسلم ممالک باہمی اتحاد پیدا کریں۔

ایوب بیگ مرزا
(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

جاری کردہ

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** **11 Nov** 2019

**The decision of the Indian Supreme Court regarding the Babri Masjid is a manifest demonstration of religious bigotry.**

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "The decision of the Indian Supreme Court regarding the Babri Masjid is a manifest demonstration of religious bigotry."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement.The Ameer remarked that the verdict of the Indian SC has proven beyond doubt that India has been completely transformed into an extremist Hindutva state, in which every institution is speaking the tongue of RSS and practically following the Hindutva Ideology, and even the apex court of India is no exception to that. The Ameer remarked that had such callous action been taken against the places of worship of minorities in a Muslim country, all world powers including the United Nations, European Union and USA would have actively initiated punitive action against that country. However, he lamented, the world at large is silent on this unfair decision by the Indian SC because this injustice is being perpetrated against Muslims in a non-Muslim state.

While endorsing the demand of Pakistan from the OIC to take notice of this matter, the Ameer said that it has become imperative for Muslims countries to stop looking towards non-Muslim powers for redressing their grievances and instead consolidate the organizations of Muslim countries to actively play a role in solving such problems. He said that if allMuslim stateslink their foreign trade with the rights of minorities, like the European Union does, then no non-Muslim country would dare treat the Muslim minorities living there in such an inhumane manner. The Ameer concluded by asserting that the real need of the hour is for all Muslim states to establish unity amongst their ranks.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**MarkaziNazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**